نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے گندم کی کٹائی، گہائی اور سنبھال سے متعلق سفارشات جاری کردیں

لاہور: 14اپریل2025 (   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق گندم کی کٹائی، گہائی اور سنبھال سب سے اہم مرحلہ ہوتا ہے۔گندم کی کٹائی اور گہائی کے دوران بے احتیاطی کرنے سے پیداوار میں 10 تا12 فیصد تک نقصانات کا سامنا بھی کرنے کا اندیشہ موجود ہوتا ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کاشتکار گندم کی بروقت سنبھال کیلئے مزدوروں، ریپر،تھریشر،ٹریکٹر ترپال یا پلاسٹک چادر اور کمبائن ہارویسٹر کا انتظام کرلیں۔اگر فصل کمبائن ہارویسٹر سے برداشت کرنی ہو تو توڑی یا بھوسہ کی سنبھال کیلئے ویٹ سٹرا چاپر کا استعمال بھی کیا جاسکتا ہے۔کاشتکار گندم کی کٹائی سے قبل ٹیلی ویژن یا ریڈیو سے نشر ہونے والی موسمی پیشن گوئی کے مطابق انتظامات مکمل کریں۔بارش ہونے کی صورت میں کٹائی گہائی روک دیں اور اس وقت تک دوبارہ شروع نہ کریں جب تک موسم ٹھیک نہ ہو جائے اور کٹائی شدہ گندم کو چادر یا ترپال سے فوراً ڈھانپ دیں۔کٹائی کے بعد بھریاں قدرے چھوٹی باندھیں اور سٹوں کا رُخ ایک ہی طرف رکھیں۔کھلیان چھوٹے رکھیں اور اونچے کھیتوں میں لگائیں اور ان کے اردگرد کھائی ضرور بنائی جائے۔جہاں تک ممکن ہو کٹائی ریپر یا کمبائن ہارویسٹر سے کریں۔گندم کے کاشتکار کٹائی کے فوراً بعد کھیت سے گندم گوداموں میں منتقل کردیں۔گندم کی سٹوریج کیلئے ترجیحاً نئی بوریاں استعمال کریں اور ان بوریوں کو دھوپ میں خشک کریں اور محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کا سفارش کردہ زہروں کا سپرے کریں تاکہ اس میں موجود کیڑے تلف ہوجائیں

☆☆☆☆